تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

April 22 2024

پریس ریلیز

انڈونیشیائی وفد نے جامعہ اسکول کا دورہ کیا اور اور کیریئر کاؤنسلنگ سیشن میں طلبا سے بات چیت کی

جامعہ سینئر سیکنڈری اسکول (جے ایس ایس ایس) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے بارہویں جماعت کے طلبہ کے لیے اٹھارہ اپریل دو ہزار چوبیس کو ملٹی پرپز ہال میں ایک کیریئر کاؤنسلنگ سیشن منعقد کیا۔سیشن کا مقصد انڈونیشیا کی اسٹیٹ اسلامک یونیورسٹی، جکارتہ کی جانب سے انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ مطالعات کے لیے اسکالرشپ فراہم کیے جانے کے سلسلے میں طلبہ کو اہم معلومات بہم پہنچانی تھیں۔یونیورسٹی کے ویزیٹنگ اراکین نے اسکالرشپ کے مواقع سے متعلق معلومات ساجھا کیں اور طلبہ کے سوالات کے جوابات دیے۔

پرنسپل اور اسکول فیکلٹی کے ساتھ مہمانان کی مختصر ملاقات اور بات چیت کے ساتھ ہی صبح میں سیشن کا آغاز ہوا جس کے بعد منتظمہ کمیٹی نے تعارف پیش کیا اور پرنسپل نے ویزیٹنگ فیکلٹی اراکین کا خیر مقدم کیا۔پروفیسر میلا رحیم (صدر سینٹر فار انٹرنیشنل کوآپریشن) اپنی ٹیم کے ساتھ محترم اسومی (اسٹاف فار انٹرنیشنل کوآپریشن) اور جناب فتح الدین، جناب ڈزکری رحمت رومودون (کوآرڈی نیٹر فار انٹرنیشنل کوآپریشن) اور جناب فتح الدین (لیکچرر، فیکلٹی آف شریعہ و قانون) نے ایک معلوماتی پرزینٹیشن دیا جس میں انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ طلبہ کے لیے دی جانے والی متعدد اسکالرشپ کے متعلق بتایا جو طلبہ کے ساتھ اساتذہ کے لیے بھی مفید اور سودمند ہوگا۔

پرزینٹیشن کے دوران ویزٹنگ فیکلٹی رکن نے اہلیت کا معیار، درخواست فارم کا پروسیس، اور اسکالرشپ پروگرام کے فوائد بتائے۔انھوں نے اعلی تعلیم کی اہمیت پر زور دیا اور طلبہ کی اس بات کے لیے حوصلہ افزائی کی کہ وہ جکارتا کی اسٹیٹ اسلامک یونیورسٹی میں دستیاب مواقع کو دریافت کریں۔لائق طلبہ کے لیے صدفی صد اسکالرشپ پروگرام ہے جس میں وہ اپنی تعلیمی امنگوں کو بغیر کسی مالی دشواریوں کے پایہ تکمیل تک پہنچا سکتے ہیں۔

پرزینٹیشن کے بعد سوال و جواب کا ایک مذاکراتی سیشن ہوا جس میں طلبہ کو اجازت تھی وہ ویزیٹنگ فیکلٹی سے براہ راست سوال پوچھ سکیں۔سیشن میں طلبا نے جوش و خروش سے حصہ لیا اور اسکالرشپ پروگرام کے مختلف پہلوؤں سے متعلق ان سے سوالات

پوچھے، وضاحتیں چاہیں داخلے کے متعلق جانکاریاں لیں اوران کی یونیورسٹی میں کیا کیا علمی موضوعات ہیں ان سب کے متعلق کافی تفصیل سے پوچھا۔ مذاکراتی سیشن سے کافی فائدہ ہوا۔

پروگرام کے اختتام پر طلبہ نے ویزٹنگ فیکلٹی اراکین کی رہنمائی اوران کی مدد کے لیے ان کا شکریہ ادا کیا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی